13-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	علوم القراءات	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة التجويد و القراءة (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "حجیت قراءات" کے مترجم ہیں:

(الف) عبد الفتاح القاضی (ب) ڈاکٹر نبیل بن محمد ابراهیم (ج) قاری محمد ابراهیم میر محمدی (د) قاری حمد مصطفیٰ راسخ

2۔ ائمہ قرأت سبعہ کے راویوں کی تعداد ہے:

(الف) پانچ (ب) سات (ج) نو (د) گیارہ

3۔ "حجیت قراءات" تالیف ہے:

(الف) عبد الفتاح القاضی کی (ب) نبیل بن محمد ابراهیم آل اسماعیل کی (ج) محمد ابراہیم میر محمدی کی (د) تینوں کی

4۔ امام عاصم کوفیؒ کی کنیت ہے:

(الف) ابو بکر (ب) ابورویم (ج) ابوالحسن (د) ابوالحسین

5۔ امام عاصم کوفہ میں قراءات کی مسند پر متمکن رہے:

(الف) تقریبا50سال (ب) تقریبا55سال (ج) تقریبا60سال (د) تقریبا65سال

6۔ "فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ" کی جگہ "فَالْيَوْمَ نُنَحِّيكَ بِبَدَنِكَ" بالحاء پڑھنا قرأت کہلاتی ہے:

(الف) شاذہ (ب) مدرجہ (ج) موضوعہ (د) آحادیہ

7۔ امام ابو عمرو بصری پیدا ہوئے:

(الف) مکہ معظمہ میں (ب) مدینہ منورہ میں (ج) مصر میں (د) شام میں

8۔ امام شعبہ کی سن ولادت ہے:

(الف) 85ھ (ب) 90ھ (ج) 95ھ (د) 100ھ

9۔ امام ابو عمرو بصری کا وصال ہوا ہے:

(الف) مکہ میں (ب) مدینہ میں (ج) مصر میں (د) شام میں

10۔ امام نافعؒ کی کنیت ہے:

(الف) ابورویم (ب) ابوالحسن (ج) ابوالحسین (د) ابو بکر

ورق الٹئے

11۔امام کسائی کوفیؒ کی قرأت آپ ﷺ تک پہنچتی ہے:

(الف) دوواسطوں سے (ب) تین واسطوں سے (ج) چار واسطوں سے (د) پانچ واسطوں سے

12۔امام ورش کا سن وصال ہے:

(الف) 193ھ (ب) 195ھ (ج) 197ھ (د) 199ھ

13۔امام ابن عامر شامی کا سن وصال ہے:

(الف) 116ھ (ب) 117ھ (ج) 118ھ (د) 119ھ

14۔امام ابن کثیر مکیؒ کی قرأت آپ ﷺ تک پہنچتی ہے:

(الف) دوواسطوں سے (ب) تین واسطوں سے (ج) چار واسطوں سے (د) پانچ واسطوں سے

15۔امام کسائی کا اصل نام ہے:

(الف) احمد (ب) محمد (ج) علی (د) حسن

16۔لہجات میں "ابو النغم" کہا جاتا ہے:

(الف) حجاز کو (ب) رست کو (ج) بیات کو (د) عجم کو

17۔ قراءات سبعہ میں سے ساتویں قرأت ختم ہوتی ہے:

(الف) امام عاصم پر (ب) امام نافع پر (ج) امام ابو عمرو بصری پر (د) امام کسائی پر

18۔اہل فن نے سات لہجات کا مجموعہ بیان کیا ہے:

(الف) صنع بسحر (ب) اجد قط بکت (ج) قطب جد (د) خص ضغط قظ

19۔امام ہشام کی کنیت ہے:

(الف) ابو الحسن (ب) ابو الحسنین (ج) ابو الولید (د) ابو الوحید

20۔امام حمزہ کوفیؒ کا سن وصال ہے:

(الف) 154ھ (ب) 156ھ (ج) 158ھ (د) 160ھ

13-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	علوم القراءات	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ التجوید و القراءۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):.................................

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ امام ابن عامر شامیؒ کس سن اور شہر میں پیدا ہوئے؟ تحریر کریں۔

2۔ امام کسائیؒ کو کسائی کیوں کہا جاتا ہے؟ وجہ تسمیہ تحریر کریں۔

3۔ امام کسائی کی سن ولادت و وصال تحریر کریں۔

4۔ امام ابو عمرو بصری کا سن ولادت و وصال تحریر کریں۔

5۔ امام ورش کا سن ولادت و وصال تحریر کریں۔

6۔ امام نافعؒ کے منہ سے تلاوت قرآن کے وقت خوشبو آنے کی وجہ تحریر کریں۔

7۔ امام حفصؒ کا سن ولادت و وصال تحریر کریں۔

8۔ امام قالون کا اصل نام مع کنیت تحریر کریں۔

9۔ امام عاصم کا مکمل نام مع کنیت تحریر کریں۔

10۔ قرأت شاذہ کی ایک مثال لکھیں۔

11۔ قرأت شاذہ کا لغوی و اصطلاحی معنٰی تحریر کریں۔

12۔ "حجیت قراءات" کی شرعی حیثیت تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ "ام المقامات" کس لہجہ کو کہا جاتا ہے؟ اور کیوں؟ تحریر کریں۔

2۔ "بیات" لہجہ کی امتیازی خصوصیات کتنی اور کون کونسی ہیں؟ تحریر کریں۔

3۔ تلاوت قرآن میں "نہاوند" لہجہ کی خصوصیات لکھیں۔

4۔ ہر لہجہ میں قرأت کے کتنے اور کون کونسے درجات ہوتے ہیں؟ تحریر کریں۔

5۔ امام ابن کثیر مکیؒ کی قرأت کتنے اور کون کونسے واسطوں سے آپ ﷺ تک پہنچتی ہے؟ تحریر کریں۔

6۔ حسن صوت سے قرآن کریم کی تلاوت کرنے کے بارے میں کوئی حدیث پاک لکھیں۔

7۔ "وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا" کا ترجمہ لکھیں۔

8۔ "علم النغمات" کے اور کون کونسے نام ہیں؟ تحریر کریں۔

9۔ امام خلاد کی کنیت اور سن وصال تحریر کریں۔

10۔ امام حمزہ کوفیؒ کے فن قرأت کے بارے میں امام اعظم ابو حنیفہ کا قول تحریر کریں۔

11۔ امام ابن کثیر مکیؒ کی قرأت کے پہلے دو راویوں کے نام لکھیں۔

12۔ امام ذکوانؒ کا سن ولادت و وصال تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. قرآن مجید کو حسن صوت سے پڑھنے کی فضیلت پر احادیث مبارکہ کی روشنی میں مفصل نوٹ تحریر کریں۔

ii. امام حمزہ کوفیؒ کے حالات زندگی پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔

iii. درج ذیل لہجات میں سے کسی ایک پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں:

1۔ صباء 2۔ حجاز

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. قراءات شاذہ کا لغوی و اصطلاحی معنٰی مع مثال لکھتے ہوئے قراءات شاذہ کا حکم تحریر کریں۔

ii. امام کسائی کی قرأت کتنے اور کون کونسے واسطوں سے آپ ﷺ تک پہنچتی ہے؟ نیز آپ کی قرأت کے راویوں کے بارے میں مختصر وضاحت کریں۔

iii. امام ابو عمرو بصریؒ کے حالات زندگی پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔